**26.04.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ...................اسلم بیگ

**Music**

1 لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں آج 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں پھیلے ہوئے 88 پارلیمانی حلقوں میں پولنگ جاری ہے۔

2 انتخابی کمیشن نے لوک سبھا چناؤ کے پانچویں مرحلے کیلئے نوٹفکیشن جاری کردیا ہے۔

3 مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اپنے اپنے امیدواروں کے حق میں ایک کے بعد ایک ریلیوں اور روڈ شو کا انعقاد کررہے ہیں۔

4 سپریم کورٹ نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ذریعے ڈالے گئے 100 فیصد ووٹوں کا میلان VVPAT سے کرنے سے متعلق درخواستیں مسترد کردی ہیں ۔

5 بھارت اور جنوبی کریا نے، آج سیول میں، ہتھیاروں کو ختم کرنے اور اس کے پھیلاؤ کو روکنے کے بارے میں صلاح مشورہ کیا ہے۔

5 اور IPL کرکٹ میں آج شام کولکتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**2nd Phase Polling**

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں آج 88 حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ یہ چناؤ حلقے 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر میں ہیں۔ آج ہی Outer منی پور لوک سبھا حلقے کے بقیہ علاقوں میں بھی پولنگ ہورہی ہے۔

آج کیرالہ میں سبھی 20 سیٹوں ، کرناٹک میں 14 ، راجستھان میں 13 ، اترپردیش اور مہاراشٹر میں آٹھ - آٹھ ، مدھیہ پردیش میں 6 ، آسام اور بہار میں پانچ - پانچ ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں تین - تین نیز منی پور

، تریپورہ اور جموں و کشمیر میں ایک - ایک سیٹ کیلئے ووٹنگ ہورہی ہے۔

سرکردہ امیدواروں میں کیرالہ میں Wayanad سے کانگریس لیڈر راہل گاندھی اِسی حلقے سے CPI کی Annie Raja ، ترو اننت پورم سے مرکزی وزیر راجیو چندر شیکھر اور کانگریس لیڈر ششی تھرور ، بنگلورو ساؤتھ سے BJP کے تیجسوی سوریہ اور متھرا سے BJP کی ہی ہیما مالنی شامل ہیں۔

دیگر ممتاز امیدواروں میں میرٹھ سے BJP کے Arun Govil ، مانڈیا سے کرناٹک کے سابق وزیر اعلیٰ ایچ ڈی کمارا سوامی اور پورنیا سے پپو یادو شامل ہیں۔

اس مرحلے میں ایک ہزار 202 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ Outer منی پور لوک سبھا حلقے سے چار امیدوار چناؤ لڑ رہے ہیں ۔

ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوئی اور شام 6 بجے تک جاری رہے گی ۔ بہار میں بانکا ، مدھے پورہ ، کھگڑیا اور مونگیر حلقوں میں شدید گرمی کے تناظر میں رائے دہندگان کی سہولت کیلئے پولنگ کے اوقات میں توسیع کی گئی ہے۔

15 کروڑ 88 لاکھ سے زیادہ ووٹر ایک لاکھ 67 ہزار پولنگ مرکزوں پر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں گے ۔ 16 لاکھ سے زیادہ پولنگ اہلکاروں کو متعین کیا گیا ہے۔ اس مرحلے میں 34 لاکھ 80 ہزار افراد ایسے ہیں ، جو پہلی بار ووٹ دیں گے ۔

انتخابی کمیشن نے رائے دہندگان سے کہا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں ووٹ ڈالنے کیلئے پولنگ مرکزوں پر آئیں اور ذمہ داری کے ساتھ حق رائے دہی کا استعمال کریں ۔

اترپردیش میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں 8 سیٹوں کیلئے 91 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ ایک کروڑ 67 لاکھ سے زیادہ ووٹر حق رائے دہی کا استعمال کرسکیں گے۔

اِدھر مدھیہ پردیش میں آج چھ سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ ایک کروڑ 11 لاکھ سے زیادہ ووٹر 80 امیدواروں کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کریں گے ۔ اِن میں چار خاتون امیدوار اور ایک مخنث ہیں ۔

کیرالہ میں آج سبھی 20 سیٹوں کیلئے پولنگ ہورہی ہے۔ دونوں قومی پارٹیوں BJP اور کانگریس کے سرکردہ لیڈر اس مرحلے میں اپنی قسمت آزما رہے ہیں ۔

کرناٹک میں دوسرے مرحلے میں 14 حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں ۔

اِدھر چھتیس گڑھ میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں تین پارلیمانی حلقوں میں ووٹنگ شروع ہوگئی ہے۔ x

**States Voter Turnout**

آج دوپہر ایک بجے تک کیرالہ میں 39 فیصد سے زیادہ، کرناٹک میں 38 فیصد سے زیادہ، راجستھان میں 40 فیصد سے زیادہ، اترپردیش میں 36 فیصد سے زیادہ، مہاراشٹر میں تقریباً 32 فیصد، مدھیہ پردیش میں تقریباً 39 فیصد، آسام میں 46 فیصد سے زیادہ، بہار میں 34 فیصد سے زیادہ، مغربی بنگال میں 47 فیصد سے زیادہ، چھتیس گڑھ میں 53 فیصد سے زیادہ، منی پور اور تریپورہ میں 54 فیصد سے زیادہ، جموں وکشمیر میں تقریباً 43 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ x

## LS- Campaigning

عام انتخابات کے بقیہ مرحلے کے لئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما اپنے امیدواروں کے حق میں ووٹروں کو راغب کرنے کے لئے ملک کے مختلف مقامات کا دورہ کررہے ہیں۔

وزیراعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی نے آج مغربی بنگال میں مالدہ میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ TMC اور کانگریس کے درمیان، خوش کرنے والی پالیسی ایک مشترک چیز ہے، جس کے لئے وہ کچھ بھی کرسکتے ہیں اور سب کچھ کرسکتے ہیں۔ انھوں نے الزام لگایا کہ یہ پارٹیاں ملک کی حفاظت کے لئے، NDA حکومت کی طرف سے کئے گئے ہر ایک فیصلے کو توڑنا چاہتی ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ ایک وقت تھا جب مغربی بنگال، بھارت کی ترقی کا قائد تھا، لیکن پہلے بائیں بازو اور پھر TMCاقتدار نے، اس ریاست کی عظمت کو تباہ کیا اور یہاں تک کہ ترقی بھی روک دی۔

اسی دوران وزیراعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندر مودی نے بہار کے اررِیہ پارلیمانی حلقے میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا، جس کے بعد وہ بہار کے مونگیر پارلیمانی حلقے میں NDA امیدواروں کے حق میں ایک اور ریلی سے خطاب کریں گے۔

مرکزی وزیرداخلہ اور سینئر بی جے پی رہنما امت شاہ آج اشوک نگر اور راج گڑھ میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ دوسری طرف کانگریس رہنما جیتو پٹواری، وویک تنکھا اور ارون یادو آج برہانپور میں چناؤ ریلی کریں گے۔x

## Nomination Fifth Phse

لوک سبھا کے پانچویں مرحلے کے لئے آج نوٹیفکیشن جاری کئے جانے کے ساتھ ہی، کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ اس مرحلے کے تحت چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں 49 لوک سبھا سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔

پانچویں مرحلے کے تحت اترپردیش میں 14 سیٹوں، مہاراشٹر میں 13، مغربی بنگال میں سات، اڈیشہ اور بہار میں پانچ پانچ، جھارکھنڈ میں تین اور جموں وکشمیر اور لداخ میں ایک ایک سیٹ کے لئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اس مرحلے کے تحت 20 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

اڈیشہ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کام آج شروع ہوگیا ہے۔x

**PM Voting MSG**

وزیر اعظم نریندر مودی نے لوگوں سے آج لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے تحت ریکارڈ تعداد میں ووٹ دینے کو کہا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نے نوجوانوں اور خواتین ووٹروں سے کثیر تعداد میں اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کرنے کی اپیل کی۔ انھوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں ووٹ دینے سے ملک کی جمہوریت مضبوط ہوتی ہے۔x

**Telengana Charges Sheet**

تلنگانہ میں 13 مئی کو ہونے والے لوک سبھا انتخابات سے پہلے کانگریس نے ایک چارج شیٹ جاری کی ہے، جس میں مرکز میں BJP کی قیادت والی حکومت پر ریاست کی مدد کرنے میں ناکام رہنے کا الزام لگایا گیا ہے۔ چارج شیٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ فنڈ مختص کرنے، دریائے کرشنا کا پانی مختص کرنے اور میڈیکل کالج، IIM اور IIT کے معاملے میں تلنگانہ کے ساتھ ناانصافی کی گئی ہے۔ کانگریس کے ریاستی صدر اور وزیر اعلیٰ A. Revanth Reddy نے کل حیدرآباد میں چارج شیٹ جاری کی اور الزام لگایا کہ BJP سوئس بینکوں میں جمع کیے گئے کالے دھن کو واپس لانے اور ہر سال 2 کروڑ ملازمت کی شرح سے 20 کروڑ روزگار فراہم کرنے میں ناکام رہی ہے۔ x

**Supreme Court - EVMs & VVPAT**

سپریم کورٹ نے آج الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ذریعے ڈالے گئے ووٹوں کا 100 فیصد میلان صحیح ووٹ پڑنے کی تصدیق سے متعلق VVPAT پرچیوں کے ساتھ کرنے کی مختلف درخواستیں مسترد کردی ہیں ۔

جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتہ پر مشتمل ایک بینچ نے یہ فیصلہ سنایا ہے ۔ اگرچہ اس معاملے میں احکامات 18 اپریل کو محفوظ کرلئے گئے تھے لیکن ان کی ایک بار پھر سنوائی کے لئے 24 اپریل کی تاریخ مقرر کی گئی تھی کیونکہ بینچ انتخابی کمیشن سے کچھ وضاحتیں چاہتی تھی۔

انتخابی کمیشن کی جانب سے دیئے گئے جوابات پر غور و خوض کرتے ہوئے آج یہ فیصلہ سنایا گیا ہے۔

فیصلوں کے نتیجوں کا ذکر کرتے ہوئے جسٹس کھنہ نے کہا کہ بیلٹ پیپر کے ذریعے ووٹنگ کی طرف واپس جانے، EVM-VVPAT کی تصدیق مکمل کرنے اور ووٹروں کو VVPAT پرچیاں دینے کی درخواست مسترد کردی گئی ہے۔ البتہ سپریم کورٹ نے انتخابی کمیشن کے لئے دو ہدایات جاری کی ہیں۔ عدالت نے کہا ہے کہ EVM میں چناؤ نشان Load کرنے کے بعد، مشین کے اس حصے کو سیل کردیا جائے اور بکسوں میں محفوظ کردیا جائے۔ امیدوار اور ان کے نمائندے اس مہر پر دستخط کریں گے۔ سیل کئے ہوئے بکسوں کو، نتائج کے اعلان سے کم سے 45 دن پہلے EVM کے ساتھ، اسٹور روم میں رکھا جائے۔ ان بکسوں کو EVM کی طرح کھولا اور سیل کیا جائے۔

سپریم کورٹ نے اپنی دوسری ہدایت میں کہا ہے کہ EVM کے پانچ فیصد حصے میں Brunt Memory سیمی کنٹرولر کو، جو کنٹرول یونٹ اور بیلٹ یونٹ ہوتا ہے، اُسے اور ہر اسمبلی حلقے کے VVPAT کو دو اور تین امیدواروں کی تحریری درخواست پر، نتائج کے اعلان سے کم سے کم 48 دن پہلے، EVM بنانے والی کمپنیوں کے انجینئرَوں کی ایک ٹیم سے جانچ اور تصدیق کرائی جائے۔

یہ درخواست نتائج کے اعلان کے سات دن کے اندر اندر ہونی چاہیئے۔ اس کے اخراجات، درخواست دہندہ امیدوار برداشت کرے گا اور اگر EVM میں کسی طرح کی گڑ بڑ پائی گئی تو اخراجات کی یہ رقم امیدوار کو واپس کی جائے۔ x

## 4th Phase Nomination Last Date

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جا رہی ہے۔ اِس مرحلے کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل شام ختم ہوگیا تھا۔

اِس مرحلے میں اگلے مہینے کی 13 تاریخ کو 9 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے میں لوک سبھا کی 96 سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ اِس مرحلے میں امیدوار پیر کے روز تک اپنا نام واپس لے سکتے ہیں۔ اِس مرحلے کے تحت آندھرا پردیش کی تمام 25 لوک سبھا سیٹوں، تلنگانہ کی 17، اترپردیش کی 13، مہاراشٹر کی 11، مدھیہ پردیش اور مغربی بنگال کی آٹھ-آٹھ، بہار کی پانچ، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ کی چار- چار سیٹوں اور جموں کشمیر کی ایک سیٹ کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ x

## Vice Prez Tirupati Visit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج صبح آندھرا پردیش کے تروپتی ضلع کے ایک روزہ دورے پر

Renigunta ہوائی اڈے پر پہنچے۔ آندھرا پردیش کے گورنر ایس عبد النذیر اور ریاستی سرکار کے عہدیداروں نے اُن کا پُرتپاک خیر مقدم کیا۔ نائب صدر جمہوریہ سڑک کے راستے درشن کرنے کی غرض سے Renigunta ہوائی اڈے سے ترومالا کیلئے روانہ ہوگئے۔ وہ نیشنل سنسکرت یونیورسٹی کے تیسرے جلسۂ تقسیم اسناد میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے بھی شرکت کریں گے۔ x

## India South Korea

بھارت اور جنوبی کوریا کے درمیان ترکِ اسلحہ اور ہتھیاروں کی عدم توسیع سے متعلق مشاورت آج سیول میں منعقد ہوئی۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ فریقین نے ترکِ اسلحہ اور ہتھیاروں کی عدم توسیع سمیت نیوکلیائی، کیمیکل اور بایولوجیکل ہتھیاروں کے شعبوں میں پیش رفت کے بارے میں تبادلۂ خیال کیا۔ فریقین نے علاقائی عدم پھیلاؤ کے معاملات، باہری خلائی سیکورٹی سے وابستہ معاملات، فوجی شعبوں میں AI ٹیکنالوجی کے استعمال اور متعدد برآمداتی کنٹرول نظام سمیت روایتی ہتھیاروں کے بارے میں بھی تبادلۂ خیال کیا۔

بھارتی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں ترک اسلحہ اور بین الاقوامی سیکورٹی معاملات کے جوائنٹ سکریٹری Muanpuli Saiawi نے کی، جبکہ جنوبی کوریا کے وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں ہتھیاروں کے عدم پھیلاؤ اور نیوکلیائی معاملات کے ڈائریکٹر جنرل Youn Jong Kwom نے کی۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔ کل رات حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بنگلور نے سن رائزرس حیدرآباد کو 35 رن سے ہرادیا۔ سن رائزرس حیدرآباد کو 207 رن کا جیت کا نشانہ ملا تھا، لیکن اُس کی ٹیم مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 171 رن ہی بناسکی۔

اِس سے قبل رائل چیلنجرس بنگلور نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور مقررہ 20 اوورس میں 206 رن بنائے۔ x

## Para Shooting

پیرا شوٹنگ میں کل کوریا کے Changwon میں WSPS عالمی کپ میں بھارت کی پیراشوٹر مونا اگروال نے خواتین کے 10 میٹر ایئر رائفل میں سونے کا تمغہ جیتا۔

جبکہ فوج کے اہلکار عامر احمد بھٹ نے 25 میٹر پسٹل مقابلے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔
مونا نے فائنل میں 250 اعشاریہ آٹھ پوائنٹس کے اسکور کے ساتھ سونے کا تمغہ جیتا۔ یہ اِس سال کا اُن کا دوسرا عالمی کپ کا خطاب ہے۔ انھوں نے گزشتہ ماہ نئی دلّی میں عالمی کپ میں اِسی مقابلے میں جیت حاصل کی تھی۔×

**Tanzania Flood**

تنزانیہ میں شدید بارش سے آئے سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعے میں کم از کم 155 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ ملک کی پارلیمنٹ میں اپنے خطاب میں وزیر اعظم قاسم Majaliwa نے کہا کہ موجودہ بارش کا موسم El Nino آب و ہوا کے پیٹرون کی وجہ سے مزید خراب ہوگیا ہے، جس سے سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے اور سڑکوں، پُلوں اور ریل کے راستوں کو نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس بارش سے کم و بیش 2 لاکھ لوگ اور 51 ہزار مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ سیلاب کی وجہ سے اسکولوں کو بند کر دیا گیا ہے اور متاثرین کیلئے راحت اور بچاؤ کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ x

☆☆☆☆☆